سکاٹ لینڈ کا عبادت گاہوں کے لیے فنڈ

رہنمائی (ورژن 2026)

HISTORIC ENVIRONMENT SCOTLAND | ÀRAINNEACHD EACHDRAIDHEIL ALBA

فہرست عنوانات

1. اہلیت کا معیار....3
1.1 لسٹڈ بلڈنگ کی جانچ....3
1.2 عبادت کے لیے استعمال ہونے کی جانچ....3
2. فنڈنگ کے لیے اہل / غیر اہل ڈھانچے....3
2.1 رہائش....3
2.2 ذیلی لسٹڈ عمارتیں / خود مختار یا علیحدہ ڈھانچے....4
2.3 چرچ ہال....4
2.4 سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، ہسپتالوں، جیلوں، اور خیراتی رہائشی اداروں میں واقع نجی عبادت گاہیں 4
3. منظوریاں....4
4. اہل مرمتی کام....4
5. اہلیت کے دیگر معیارات....4
6. VAT....5
6.1 صفر شرح والے (زیرو ریٹڈ) کام....5
6.2 قابلِ ٹیکس فراہمیوں سے متعلق کاموں پر VAT کے اخراجات....5
6.3 وہ عبادت گاہیں جو داخلہ فیس یا کاروباری سرگرمیوں کی وجہ سے VAT کے لیے رجسٹرڈ ہیں 5
7. انوائسز جمع کروانا....5
8. سابقہ گرانٹ ایوارڈز....6
9. تعمیراتی کاموں کے معاہدے....6
10. پیشہ ورانہ فیسیں....6
11. درخواست کیسے دیں....6
11.1 درخواست سے متعلق رہنمائی کے نوٹس....7
11.2 درخواست میں غلطیوں کی جانچ کی فہرست....7
مثال: ایسے کاموں کے دعوے فارم میں شامل کرنے کا طریقہ جو مکمل طور پر اہل ہوں....8
مثال: ایسے کاموں کے دعوے فارم میں شامل کرنے کا طریقہ جن میں صرف کچھ حصہ اہل ہو....8
12. درخواست کا طریقۂ کار....8
12.1 اگر آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے....9
12.2 اگر آپ کی درخواست مسترد ہو جاتی ہے....9

یہ فنڈ سکاٹ لینڈ کی عبادت گاہوں کے نمائندوں کو اہل کاموں پر ادا کیے گئے VAT کی واپسی کے لیے گرانٹ (ریفنڈ گرانٹ) کی درخواست دینے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ مقررہ معیار پر پورا اترنے کی صورت میں، اس گرانٹ کو ہسٹارک انوائرنمنٹ سکاٹ لینڈ کی ہسٹارک انوائرنمنٹ گرانٹ سکیم کے تحت دستیاب گرانٹس کے ساتھ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے: مزید معلومات کے لیے یہاں کلک کریں۔

1. اہلیت کا معیار

ریفنڈ گرانٹ کے لیے درخواست دینے کے لیے، آپ کے منصوبے کا تعلق ایسی عمارت سے ہونا ضروری ہے جو لسٹڈ ہو (ایسی عمارت جسے اس کی تاریخی یا تعمیراتی اہمیت کی وجہ سے قانونی تحفظ حاصل ہو) اور عبادت گاہ کے طور پر استعمال ہوتی ہو۔

1.1 لسٹڈ بلڈنگ کی جانچ

برائے مہربانی یہاں ہماری ویب سائٹ پر جا کر تصدیق کریں کہ آیا آپ کی عمارت لسٹڈ ہے یا نہیں، اور درخواست میں استعمال کے لیے اس کا حوالہ نمبر نوٹ کر لیں۔

صرف ان عمارتوں کی مرمت سے متعلق درخواستوں پر غور کیا جائے گا جو کام کیے جانے کے وقت لسٹڈ ہوں۔

اگر آپ کی عمارت لسٹڈ نہیں ہے تو پہلے سے مکمل کیے گئے کسی بھی کام پر اس فنڈ کے تحت ریفنڈ گرانٹ نہیں دی جائے گی۔ آئندہ کے کاموں کے لیے، اگر آپ کی عمارت خاص تاریخی یا تعمیراتی اہمیت رکھتی ہے تو آپ اسے لسٹڈ قرار دینے کے لیے یہاں درخواست دے سکتے ہیں۔

1.2 عبادت کے لیے استعمال ہونے کی جانچ

یہ فنڈ ان عبادت گاہوں پر کیے جانے والے کاموں میں مدد کے لیے بنایا گیا ہے جن کے اخراجات مقامی عبادت گزاروں کی جماعت (لوکل کانگریگیشن) یا کسی تسلیم شدہ مذہبی فرقے یا مذہبی گروہ کی ذمہ داری ہوں۔ یہ فنڈ صرف باقاعدہ طور پر قائم شدہ مذہبی تنظیموں کا احاطہ کرتا ہے۔ برائے مہربانی اس بات کا ثبوت فراہم کریں کہ جو مذہبی تنظیم یہ عبادت گاہ استعمال کرتی ہے وہ:

- خیراتی ادارے (چیریٹی) کی حیثیت رکھتی ہے یا (OSCR آفس آف دی سکاٹش چیریٹی ریگولیٹر) کی جانب سے خیراتی ادارے کے طور پر تسلیم شدہ ہے، یا
- کسی مرکزی مذہبی ادارے، جیسے ڈایوسِس (چرچ کا ایک انتظامی ادارہ)، یا اس کے مساوی کسی مذہبی ادارے کے تحت آتی ہے

اگر ان میں سے کوئی بھی صورت لاگو نہیں ہوتی تو برائے مہربانی اپنے آئین (کانسٹیٹیوشن) کی ایک نقل فراہم کریں۔

زیادہ تر صورتوں میں، عمارت کا واحد یا بنیادی استعمال عوامی عبادت گاہ کے طور پر ہونا ضروری ہے، اور اسے سال میں کم از کم 6 مرتبہ عوامی عبادت کے لیے استعمال کیا جانا ضروری ہے۔ آپ سے اس کا ثبوت طلب کیا جائے گا، مثلاً عبادات کے اجتماعات کے لیے ویب سائٹ پر موجود فہرست قابلِ قبول ہوگی۔

بعض عبادت گاہوں کے لیے یہ ثابت کرنا ضروری نہیں کہ عمارت سال میں کم از کم 6 مرتبہ عوامی مذہبی عبادت کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- وہ عبادت گاہیں جو راہبوں کی خانقاہوں، راہبات کی خانقاہوں (کانونٹس) یا اسی نوعیت کے دیگر مذہبی اداروں کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔ ایسی عمارتوں میں صرف وہ حصہ اہل ہوگا جو مذہبی عبادت کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
- وہ عبادت گاہیں جو ایسی تنظیموں کی ملکیت ہوں جو متروک عبادت گاہوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں، ممکن ہے ان کے لیے بھی سال میں کم از کم 6 مرتبہ عوامی عبادت کے استعمال کا ثبوت دینا ضروری نہ ہو۔ ایسی تنظیموں کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ ان کا بنیادی مقصد ایسی متروک لسٹڈ عبادت گاہوں کا تحفظ، مرمت اور دیکھ بھال ہے جو نجی ملکیت میں نہیں ہیں۔

2. فنڈنگ کے لیے اہل / غیر اہل ڈھانچے

2.1 رہائش

عمارت کے وہ حصے جو رہائش کے لیے استعمال ہوتے ہیں فنڈنگ کے اہل نہیں ہیں۔ اگر عمارت کا کوئی حصہ غیر اہل رہائش کے لیے استعمال ہوتا ہے تو درخواست میں واضح کرنا ضروری ہوگا کہ عمارت کے کتنے فیصد حصے کو اس مقصد کے لیے مختص کیا گیا ہے۔

2.2 ذیلی لسٹڈ عمارتیں / خود مختار یا علیحدہ ڈھانچے

ذیلی لسٹڈ عمارتیں/ خود مختار یا علیحدہ ڈھانچے فنڈنگ میں شامل نہیں ہوں گے، سوائے اس صورت کے کہ:

- ان کا واحد یا بنیادی استعمال عوامی مذہبی عبادت گاہ کے طور پر ہو، یا
- وہ مستقل طور پر لسٹڈ عمارت کے ساتھ منسلک ہوں اور اس کے ڈھانچے کا حصہ ہوں، یا
- وہ عبادت گاہ کی چار دیواری کا حصہ ہوں اور لسٹڈ عمارت کی تفصیل میں شامل ہوں۔

2.3 چرچ ہال

اگر کسی ہال کا بنیادی استعمال عوامی عبادت کے لیے ہو تو اس کے عوامی عبادت گاہ کے طور پر استعمال سے متعلق اخراجات ریفنڈ گرانٹ کے اہل ہو سکتے ہیں۔

2.4 سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، ہسپتالوں، جیلوں، اور خیراتی رہائشی اداروں میں واقع نجی عبادت گاہیں

سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، ہسپتالوں، جیلوں، اور خیراتی رہائشی اداروں میں واقع نجی عبادت گاہیں اس سکیم کے تحت اہل ہوں گی اگر مندرجہ ذیل تمام شرائط پوری ہوں:

- عمارت عوام کے لیے سال میں کم از کم 6 مذہبی عبادات کے لیے دستیاب ہو، اور اس کی دستیابی کا عوامی طور پر اعلان کیا گیا ہو، اور یہ صرف دعوت نامے کی بنیاد پر نہ ہو۔
- عمارت کا واحد یا بنیادی مقصد عوامی مذہبی عبادت گاہ کے طور پر استعمال ہو، اور اسے بنیادی طور پر تقریبات کے مقام کے طور پر استعمال نہ کیا جاتا ہو۔

3.منظوریاں

برائے مہربانی اس بات کا ثبوت فراہم کریں کہ لسٹڈ بلڈنگ کی منظوری، اور اگر ضروری ہو تو پلاننگ کی منظوری، کام کے لیے حاصل کر لی گئی ہے، یا اس بات کا ثبوت فراہم کریں کہ اس کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ متعلقہ لوکل اتھارٹی کے پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ تحریری خط و کتابت کی صورت میں فراہم کیا جا سکتا ہے۔

4.اہل مرمتی کام

اس سکیم کے تحت شامل مرمتی کاموں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- تعمیراتی (آرکیٹیکچرل) خصوصیات
- پانی کی نکاسی
- بیرونی خصوصیات
- کھڑکیاں
- اندرونی خصوصیات
- چار دیواری (جہاں یہ لسٹڈ عمارت کی تفصیل کا حصہ ہو)
- اہل منصوبوں سے متعلق پیشہ ورانہ فیسیں (برائے مہربانی 'انوائسز جمع کروانے' کے صفحے پر اضافی رہنمائی ملاحظہ کریں کیونکہ بعض استثنائی صورتیں لاگو ہو سکتی ہیں)

اہل مرمتی کام کے بارے میں مزید معلومات یہاں مل سکتی ہیں۔ اس سکیم کے تحت شامل مرمتی کاموں کی فہرست مکمل نہیں ہے اور اسے صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کیا جانا چاہیے۔ اگر آپ کے تجویز کردہ کام کی اہلیت کے بارے میں وضاحت درکار ہو تو grants@hes.scot پر رابطہ کریں۔

5.اہلیت کے دیگر معیارات

- تعمیراتی سامان (میٹیریلز) کی لاگت کا دعویٰ اس وقت تک نہیں کیا جا سکتا جب تک وہ اہل کام کے حصے کے طور پر VATرجسٹرڈ ٹھیکیدار کی طرف سے فراہم نہ کیا گیا ہو اور متعلقہ ٹھیکیدار کی انوائس سے اس کی تائید نہ ہوتی ہو۔
- لسٹڈ عبادت گاہیں جن کے اپنے تعمیراتی یا مرمتی شعبے (ورکس ڈیپارٹمنٹ) ہیں، وہ اپنے ورکس ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے کیے جانے والے مرمت، دیکھ بھال یا تبدیلی کے وسیع تر کام کے حصے کے طور پر فراہم کیے گئے سامان پر ادا کردہ VAT کی واپسی کے لیے درخواست دینے کی اہل ہو سکتی ہیں، بشرطیکہ ان کا شعبہ VATکے لیے رجسٹرڈ ہو یا وہ VAT رجسٹرڈ ٹھیکیدار استعمال کر رہے ہوں۔

- عبادت گزاروں کی جماعت کے ارکان کی جانب سے مرمتی کام کے لیے خریدے گئے سامان کی لاگت اہل نہیں ہوگی، سوائے اُس صورت کے کہ وہ شخص VAT کے لیے رجسٹرڈ ہو اور VAT انوائس فراہم کرے۔
- جہاں لسٹڈ عمارت کے کچھ حصوں کو تجارتی کرایہ داروں کے استعمال کے لیے ڈھالا گیا ہو، وہاں یہ سکیم عمارت میں تبدیلی اور بجلی اور پلمبنگ جیسی سہولیات کی فراہمی کا احاطہ کرے گی، لیکن تجارتی کرایہ دار کی مخصوص ضروریات سے متعلق اخراجات کا نہیں۔ ایسی صورت میں درخواست کے ساتھ کام، بشمول استعمال کی تبدیلی، کے لیے پلاننگ کی منظوری کا ثبوت بھی فراہم کرنا ہوگا۔
- ہماری توقع ہے کہ جہاں تک ممکن ہو، تاریخی مواد اور حصوں کو برقرار رکھا جائے گا اور دوبارہ استعمال کیا جائے گا۔
- کون سے مرمتی کام اہل ہیں، اس بارے میں حتمی فیصلہ ہسٹارک انوائرنمنٹ سکاٹ لینڈ کی صوابدید پر ہوگا۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو برائے مہربانی grants@hes.scot پر رابطہ کریں۔

6.VAT

6.1 صفر شرح والے (زیرو ریٹڈ) کام

لسٹڈ عبادت گاہ پر کیے جانے والے تمام تعمیراتی کام VAT کے تابع نہیں ہوتے۔ اگر آپ کا مرمتی کام VAT کی صفر شرح کے تحت آتا ہے تو وہ اس فنڈ کے لیے اہل نہیں ہوگا۔

صفر شرح والے کاموں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- معذور اور بزرگ افراد کے لیے تعمیراتی کام، جن میں ریمپ، دروازوں اور گزرگاہوں کو چوڑا کرنا، اور غسل خانوں کو وسیع کرنا یا ان میں تبدیلی کرنا شامل ہے۔
- ایسی نئی عمارت کی تعمیر اور فروخت جو مکمل طور پر کسی متعلقہ خیراتی مقصد کے لیے استعمال کی جائے۔
- بعض صورتوں میں، لسٹڈ عبادت گاہ کے ساتھ بنائے جانے والے نئے ملحقہ حصے (Annex) پر VAT کی صفر شرح لاگو ہوگی اگر:
  - ملحقہ حصہ مکمل طور پر کسی متعلقہ خیراتی مقصد کے لیے استعمال ہونا ہو
  - ملحقہ حصہ موجودہ عمارت سے آزادانہ طور پر استعمال کیے جانے کے قابل ہو
  - ملحقہ حصے کا مرکزی داخلہ موجودہ عمارت کے ذریعے نہ ہو، اور نہ ہی اس کے برعکس

VAT کی ذمہ داری کے مقاصد کے لیے، ملحقہ حصہ وہ حصہ ہے جو کسی عمارت کے ساتھ منسلک ہو۔

6.2 قابلِ ٹیکس فراہمیوں سے متعلق کاموں پر VAT کے اخراجات

ایسے کاموں پر ادا کیا گیا VAT جو براہِ راست قابلِ ٹیکس فراہمیوں سے متعلق ہو، اس سکیم کے تحت اہل نہیں ہے، اور ایسے اخراجات VAT کے نظام کے ذریعے واپس حاصل کیے جانے چاہئیں۔ اس بارے میں رہنمائی کہ اس میں کیا شامل ہے ایچ ایم ریونیو اینڈ کسٹمز (HMRC) کے مختلف اشیاء اور خدمات پر VAT کی شرحیں صفحے پر دستیاب ہے۔

6.3 وہ عبادت گاہیں جو داخلہ فیس یا کاروباری سرگرمیوں کی وجہ سے VAT کے لیے رجسٹرڈ ہیں

ایسی عبادت گاہیں جو داخلہ فیس وصول کرنے یا کاروباری سرگرمیاں چلانے کی وجہ سے VAT کے لیے رجسٹرڈ ہیں، وہ HMRC کے ذریعے ادا شدہ کچھ VAT واپس حاصل کر سکتی ہیں۔

7.انوائسز جمع کروانا

- اس سکیم کے تحت کسی ایک درخواست کے لیے VAT کے علاوہ انوائسز کی کم از کم مجموعی مالیت 4,000 پاؤنڈ ہے۔ ایک درخواست میں کئی چھوٹی انوائسز شامل کی جا سکتی ہیں، لیکن ہر درخواست ایسے کاموں سے متعلق ہونی ضروری ہے جو اس سکیم کے تحت اہل ہوں، اور ان کی مجموعی مالیت VAT کے علاوہ 4,000 پاؤنڈ سے زیادہ ہو۔
- کام کسی VAT رجسٹرڈ ٹھیکیدار کے ذریعے کیا جانا چاہیے۔ آپ کو ٹھیکیدار سے اس کا VAT رجسٹریشن نمبر طلب کر کے تصدیق کرنی چاہیے کہ وہ VAT کے لیے رجسٹرڈ ہے۔ یہ نمبر انوائس پر درج ہونا ضروری ہے۔
- انوائسز کی تاریخ یکم اپریل 2026 یا اس کے بعد کی ہونی چاہیے اور ان میں اسی تاریخ یا اس کے بعد کیے گئے کام کا حوالہ ہونا چاہیے۔ درخواست دینے سے پہلے آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنی VAT انوائسز کی ادائیگی کر چکے ہوں۔

- یہ ایسی انوائسز ہونی چاہئیں جو پہلے برطانیہ بھر میں نافذ سابقہ سکیم کے تحت کامیابی سے ادائیگی کے لیے جمع نہ کروائی گئی ہوں۔
- حتمی ادائیگیوں کی انوائسز، جہاں کام مکمل ہونے کے بعد طے شدہ مدت تک کچھ رقم روک کر رکھی گئی ہو، بھی شامل کی جا سکتی ہیں۔ آپ کو انوائسز یا دیگر ثبوت فراہم کرنے چاہئیں جن سے ثابت ہو کہ کام اس وقت اہل تھا جب وہ انجام دیا گیا۔
- اگر کسی درخواست میں ایسی انوائس شامل ہو جو اہل اور غیر اہل عمارتوں یا کاموں دونوں سے متعلق ہو، تو اس کی تقسیم یا تو انوائس پر یا سوال 26 کے کالم 6 میں واضح کرنا ضروری ہے۔
- ہم ایسی درخواستوں کے لیے گرانٹ نہیں دیں گے جن میں VAT کی لاگت پہلے ہی کسی انشورنس کمپنی یا آپ کی ادا کردہ انشورنس ایکسیس کے ذریعے پوری کی جا چکی ہو۔ اگر کچھ اخراجات انشورنس کے ذریعے ادا کیے گئے ہوں تو انوائسز انشورنس کمپنی کے نام پر نہیں ہونی چاہئیں۔
- درخواست کے ساتھ ٹھیکیدار کی اصل، فوٹو کاپی شدہ یا سکین شدہ انوائسز شامل کرنا ضروری ہے، جن سے یہ تصدیق ہوتی ہو کہ VAT ادا کیا جا چکا ہے۔
- اگر آپ فوٹو کاپی یا سکین شدہ انوائسز شامل کر رہے ہیں تو درخواست فارم پر دستخط کر کے اس بات کی تصدیق کرنی ہوگی کہ یہ اصل کی درست نقول ہیں اور آڈٹ کی صورت میں اصل انوائسز پیش کی جائیں گی۔
- اگر آپ کی درخواست کا آڈٹ کیا جاتا ہے تو آپ کو اصل انوائسز فراہم کرنا ہوں گی۔ اگر اصل انوائسز گم ہو گئی ہوں تو آپ کو ایسی نقول فراہم کرنا ہوں گی جن پر ٹھیکیدار نے انہیں اصل کی درست نقل قرار دیتے ہوئے دستخط اور تاریخ درج کی ہو۔

8.سابقہ گرانٹ ایوارڈز

اگر آپ ایسے کام کے لیے درخواست دیتے ہیں جس پر پہلے کسی بھی فنڈنگ ادارے، بشمول ہسٹارک انوائرنمنٹ سکاٹ لینڈ، کی جانب سے VAT سمیت گرانٹ دی جا چکی ہو، تو آپ کو لسٹڈ پلیسز آف ورشپ گرانٹ سکیم کے تحت موصول ہونے والی متعلقہ گرانٹ کا مناسب حصہ اس فنڈنگ ادارے کو واپس کرنا ہوگا، سوائے اُس صورت کے کہ اصل گرانٹ میں پہلے ہی اس سکیم کو مدنظر رکھتے ہوئے ایڈجسٹمنٹ کی جا چکی ہو۔

دستخط کنندہ کی حیثیت سے آپ سے یہ تصدیق کرنے کو کہا جائے گا کہ عبادت گاہ واجب الادا رقم واپس کرے گی۔ ان درخواستوں کی تفصیلات متعلقہ گرانٹ فراہم کرنے والے اداروں کو فراہم کی جائیں گی۔

9.تعمیراتی کاموں کے معاہدے

اگر آپ تعمیراتی کام کے کسی معاہدے کے لیے پہلی بار درخواست دے رہے ہیں تو آپ کو اس سے متعلق ٹینڈر دستاویز بھی فراہم کرنا ہوگی، جسے Priced Specification of Works یا Bill of Quantities بھی کہا جا سکتا ہے۔

اس دستاویز میں کیے جانے والے کام اور ان سے متعلق اخراجات کی تفصیل درج ہونی چاہیے۔ ہم معاون دستاویزات کا جائزہ لیں گے اور مجموعی معاہدے میں اہل حصے (فیصد) کا حساب لگائیں گے۔ اس فیصد کو پھر تمام متعلقہ اہل پیشہ ورانہ فیسوں پر لاگو کیا جائے گا۔

10. پیشہ ورانہ فیسیں

پیشہ ورانہ فیسوں کی انوائسز یکم اپریل 2026 یا اس کے بعد کیے گئے کام سے متعلق ہونی چاہئیں۔ تاہم، پیشہ ورانہ فیسوں کی انوائسز کی ادائیگی کے لیے یہ <u>ضروری نہیں</u> کہ ان کے ساتھ ایسی انوائس بھی ہو جو یہ ثابت کرے کہ متعلقہ اہل کام مکمل ہو چکا ہے۔

اگر آپ ایسی پیشہ ورانہ فیسوں کے لیے فنڈنگ کی درخواست دے رہے ہیں جن سے متعلق کام <u>ابھی نہیں ہوا</u>، تو آپ کے پاس ایسی دستاویزات ہونی ضروری ہیں جو اس بات کا مضبوط ثبوت ہوں کہ آئندہ 12 ماہ کے اندر کام شروع ہوگا، مثلاً تاریخ کے ساتھ کام کا شیڈول یا اس ٹھیکیدار کے ساتھ معاہدہ جو کام انجام دے گا۔

11. درخواست کیسے دیں

نئی مرمت یا تعمیراتی کام کے لیے درخواست دینے کے لیے <u>درخواست فارم</u> ڈاؤن لوڈ کریں اور اسے مکمل کریں۔ اگر آپ پہلی مرتبہ درخواست دے رہے ہیں تو پہلے رہنمائی اور اہلیت کے معیار کا جائزہ لیں۔

اس کے بعد مکمل شدہ فارم grants@hes.scot پر ای میل کریں یا ڈاک کے ذریعے مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں:

Scotland’s Places of Worship Fund
Grants Team
Historic Environment Scotland
Longmore House
Salisbury Place
Edinburgh
EH9 1SH

اگر آپ اپنی درخواست ای میل کر رہے ہیں تو ہم ہاتھ سے بھرے گئے فارموں کی سکین شدہ نقول اور معاون دستاویزات کی سکین شدہ نقول قبول کرتے ہیں۔

اگر آپ اپنی درخواست ڈاک کے ذریعے بھیج رہے ہیں تو ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ ڈاک بھیجنے کا ثبوت حاصل کریں اور اپنی درخواست اور تمام معاون دستاویزات کی ایک نقل اپنے پاس محفوظ رکھیں۔

11.1 درخواست سے متعلق رہنمائی کے نوٹس

عبادت گاہ جس لوکل اتھارٹی کے علاقے میں واقع ہے اس کا نام:
اس سے مراد اس لوکل اتھارٹی کا نام ہے جس کے علاقے میں عبادت گاہ واقع ہے۔

اس شخص / ادارے کا نام جس پر درخواست سے متعلق کاموں کی قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے:
یہ آپ خود بھی ہو سکتے ہیں یا کوئی دوسرا ادارہ بھی۔

رابطہ کار کی تفصیلات:
اس شخص کا نام درج کریں جو سوالات کے جواب دینے کے لیے موزوں ترین ہو اور کام کے بارے میں تفصیلی معلومات رکھتا ہو۔ نامزد شخص کو تمام خط و کتابت موصول ہوگی، جس میں ادائیگی کی تفصیلات اور واپس کی جانے والی انوائسز شامل ہوں گی، اور اگر ہمیں کوئی سوال ہوگا تو ہم صرف اسی شخص سے رابطہ کریں گے۔

VAT کی مؤثر خالص شرح:
اگر HMRC کے ساتھ VAT کی کاروباری/ غیر کاروباری تقسیم کا کوئی طریقہ کار طے کیا گیا ہے تو ہمیں اس کا ثبوت دیکھنے کی ضرورت ہو گی۔ عموماً یہ HMRC کے جاری کردہ خط کی صورت میں ہوگا، اور اسے درخواست کے ساتھ منسلک کرنا چاہیے۔

اقرارنامہ (ڈیکلیریشن):
اس پر اس ادارے کے مجاز نمائندے کے دستخط ہونے چاہئیں جو عبادت گاہ کی قانونی ذمہ داری رکھتا ہو۔

11.2 درخواست میں غلطیوں کی جانچ کی فہرست

درخواست جمع کروانے سے پہلے ان غلطیوں کی فہرست دیکھ لیں جو درخواست کو مؤخر کیے جانے کا سبب بن سکتی ہیں۔ ان غلطیوں سے بچ کر درخواست پر زیادہ مؤثر انداز میں کارروائی کی جا سکتی ہے۔

غلطی	حل
چیک لسٹ اور ڈیکلیریشن – خانوں پر نشان نہ لگایا گیا ہو یا دستخط نہ کیے گئے ہوں۔	اس بات کو یقینی بنائیں کہ ڈیکلیریشن کے تمام خانوں پر نشان لگایا گیا ہو اور فارم پر دونوں دستخط کنندگان کے دستخط ہوں۔ اگر درخواست الیکٹرانک طور پر جمع کروائی جا رہی ہے تو دستخط والے خانے میں نام ٹائپ کریں۔
دعوے کے حسابات – غلط	درخواست جمع کروانے سے پہلے تمام حسابات دوبارہ چیک کریں۔

اس بات کی تصدیق کہ جس کام کے لیے دعویٰ کیا جا رہا ہے وہ شروع ہو چکا ہے۔	اگر آپ فیسوں کا دعویٰ کر رہے ہیں اور کام شروع ہو چکا ہے تو یقینی بنائیں کہ سکاٹ لینڈ کی عبادت گاہوں کی گرانٹس ٹیم کو اس کی اطلاع دے دی گئی ہو۔
نامکمل درخواست	درخواست فارم کے تمام حصے مکمل طور پر پُر کریں۔
انوائسز شامل نہ کرنا	اس بات کو یقینی بنائیں کہ دعوے میں شامل تمام انوائسز منسلک کی گئی ہیں۔
کام کا شیڈول	اگر منصوبہ بڑا ہے، ممکنہ طور پر متعدد دعووں پر مشتمل ہے تو برائے مہربانی کام کا شیڈول فراہم کریں تاکہ سکاٹ لینڈ کی عبادت گاہوں کی گرانٹس ٹیم کسی بھی غیر اہل اخراجات کی نشاندہی کر سکے۔
VAT رجسٹریشن نمبر موجود نہ ہونا	اس بات کو یقینی بنائیں کہ جمع کروائی گئی تمام انوائسز پر ٹھیکیدار کا VATرجسٹریشن نمبر درج ہو۔

مثال: ایسے کاموں کے دعوے فارم میں شامل کرنے کا طریقہ جو مکمل طور پر اہل ہوں

انوائس کا حوالہ نمبر	**خالص رقم (1)**	**VAT کی شرح (2)**	**اہل کام کا قابلِ دعویٰ فیصد (3)**	**دعویٰ کی گئی گرانٹ کی کل رقم (4)**
ABC123	150.00 پاؤنڈ	20%	100%	30.00 پاؤنڈ

- **خالص رقم:** VATشامل کرنے سے پہلے اہل انوائس کی رقم۔
- **VATکی شرح:** لاگو کی گئی VATکی اصل شرح (زیادہ تر صورتوں میں موجودہ VATکی شرح 20% ہوگی)۔
- **اہل کام کا قابلِ دعویٰ فیصد:** انوائس میں شامل اس کام کی مقدار جسے آپ اہل سمجھتے ہیں۔
- **دعویٰ کی گئی گرانٹ کی کل رقم:** مخصوص انوائس کے حوالے سے وہ رقم جو آپ اس گرانٹ سکیم سے حاصل کرنے کی درخواست کر رہے ہیں۔

مثال: ایسے کاموں کے دعوے فارم میں شامل کرنے کا طریقہ جن میں صرف کچھ حصہ اہل ہو

انوائس کا حوالہ نمبر	**خالص رقم (1)**	**VAT کی شرح (2)**	**اہل کام کا قابلِ دعویٰ فیصد (3)**	**دعویٰ کی گئی گرانٹ کی کل رقم (4)**
ABC123	150.00 پاؤنڈ	20%	75%	22.50 پاؤنڈ

12. درخواست کا طریقۂ کار

جب ہمیں آپ کی درخواست موصول ہوگی تو ہم آپ کو ایک وصولی کی تصدیق بھیجیں گے، جس میں ایک حوالہ نمبر ہوگا۔ آئندہ رابطے کے وقت اسی حوالہ نمبر کا استعمال کریں۔

آپ کی درخواست اور معاون دستاویزات کا جائزہ لیا جائے گا اور انہیں سکیم کے اہلیت کے معیار کے مطابق جانچا جائے گا۔

اگر آپ کی درخواست کے بارے میں ہمارا کوئی سوال ہوا تو ہم درخواست میں فراہم کردہ رابطے کی تفصیلات کو استعمال کرتے ہوئے آپ سے رابطہ کریں گے۔ برائے مہربانی اس بات کو یقینی بنائیں کہ درخواست میں درج رابطہ کار کام کے بارے میں گفتگو کرنے کی پوزیشن میں ہو۔ بصورتِ دیگر، جائزہ مکمل ہونے کے بعد ہم آپ سے دوبارہ رابطہ کریں گے تاکہ آپ کو مطلع کیا جا سکے کہ آیا آپ کی درخواست منظور ہوئی ہے یا نہیں۔

ہمارا ہدف یہ ہے کہ تمام مطلوبہ دستاویزات موصول ہونے کے بعد چھ ہفتوں کے اندر تمام درخواستوں پر کارروائی مکمل کر دی جائے۔
برائے مہربانی نوٹ کریں کہ فنڈنگ "پہلے آئیں، پہلے پائیں" کی بنیاد پر دی جاتی ہے۔

12.1 اگر آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے

اگر آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے تو ہماری پروکیورمنٹ ٹیم آپ سے علیحدہ رابطہ کرے گی تاکہ آپ کے بینک کی تفصیلات حاصل کرے، اور بعض صورتوں میں اضافی شناختی تصدیق کرے، تا کہ ہم آپ کے اکاؤنٹ میں ادائیگی کر سکیں۔ اگر آپ کی درخواست کردہ رقم اور منظور شدہ گرانٹ کی رقم میں فرق ہوا تو ہم آپ کو علیحدہ ای میل کے ذریعے اس کی وجہ بتائیں گے۔

12.2 اگر آپ کی درخواست مسترد ہو جاتی ہے

اگر آپ کی درخواست مسترد کر دی جاتی ہے تو ہم آپ کو یہ وضاحت فراہم کریں گے کہ وہ اہلیت کے معیار پر کیوں پوری نہیں اتری۔
اگر آپ کے پاس دیگر اہل اخراجات موجود ہوں تو آپ نئی درخواست جمع کروانے کے قابل ہوں گے۔